بیادگارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
منگلوار ۱۷ مارچ ۲۰۲۶ء بمطابق ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

دوسروں کے تجربوں سے فائدہ اٹھاؤ، زندگی بہت چھوٹی ہے خود سب سیکھنے کے لئے، بنجامن فرینکلن

## اُمید کی شمع روشن کرنے کی ضرورت

عیدالفطر کی آمد میں اب چند روز باقی ہے۔ اس دوران بازاروں میں خوب گہما گہمی ہے لوگ عید کی خریداری میں مصروف ہیں۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ یہ دن رحمت، شکرگزاری، اور باہمی اخوت کا دن ہے۔ یہ وہ موقع ہے جب ایک ماہ کی روحانی تربیت کے بعد انسان اپنے رب کا شکر ادا کرتا ہے اور بندوں کے حقوق کا خصوصی خیال رکھتا ہے۔ مگر ہر سال ایک تلخ حقیقت ہمارے اجتماعی ضمیر کو جھنجھوڑتی ہے ہمارے آس پاس بے شمار ایسے گھرانے موجود ہیں جو غربت، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے باعث عید کی خوشیوں سے محروم رہ جاتے ہیں۔

اسلام نے ہمیں واضح ہدایات دی ہیں کہ عید کی خوشیاں اس وقت تک مکمل نہیں ہوتیں جب تک معاشرے کے کمزور طبقات کی ضروریات پوری نہ کر دی جائیں۔ زکوٰۃ، صدقات، فطرانہ اور دیگر عطیات محض مالی عبادات نہیں، بلکہ ایک منظم سماجی ڈھانچے کا حصہ ہیں جو دولت کی منصفانہ گردش کو یقینی بناتے ہیں۔ عیدالفطر کے موقع پر یہی عبادات غرباء کو باوقار طریقے سے خوشیاں منانے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

ہم میں سے اکثر لوگ اپنی زکوٰۃ تو ادا کرتے ہیں، مگر اس کی ادائیگی کے طریقے میں وہ حکمت شامل نہیں رہتی جو اسلام کا اصل مقصد ہے۔ انفرادی خیرات بلاشبہ قابلِ قدر ہے، مگر موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہم اپنی نیکی کو اجتماعی قوت میں بدلیں۔ اگر ایک محلے، ایک مسجد، ایک بستی یا ایک ادارے کے لوگ مل کر مدد کا نظام قائم کریں تو نہ صرف عطیات منظّم طریقے سے ضرورت مندوں تک پہنچیں گے بلکہ زیادہ مؤثر ثابت ہوں گے۔

عید کے موقع پر، اور عمومی حالات میں بھی، ایک ایسا نظام تشکیل دیا جا سکتا ہے جس کے تحت: مستحق گھرانوں کا باوقار طریقے سے اندراج، محلے کے معتبر افراد ایسے خاندانوں کی فہرست تیار کریں جو عید منانے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اہلِ ثروت افراد اپنی زکوٰۃ، صدقات اور فطرانہ اس نظام کے تحت ادا کریں تاکہ یہ مکمل شفافیت کے ساتھ تقسیم کیا جا سکے۔ عید سے قبل بنیادی ضروریات، سوٹ، جوتے اور بچوں کے لئے عیدی ہر مستحق گھر تک پہنچائی جائے تاکہ ان کی عزتِ نفس مجروح نہ ہو۔ طلبہ، نوجوان اور خواتین بطور رضاکار اس عمل میں حصہ لیں۔ اس سے نہ صرف خدمت کا ماحول بڑھے گا بلکہ معاشرتی ہم آہنگی بھی مضبوط ہوگی۔

اسلام میں خوشی تبھی خوشی ہے جب وہ دوسروں کے ساتھ بانٹی جائے۔ ایسے میں اگر ہمارے اردگرد کوئی خاندان عید کے دن بھی فاقوں سے لڑ رہا ہو یا بچوں کے چہرے نئے کپڑوں کی خواہش میں بجھے ہوں، تو یہ لمحۂ فکریہ ہے۔ ہم اجتماعی ذمہ داری سے منہ نہیں موڑ سکتے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم انفرادی خیرات سے آگے بڑھ کر اجتماعی بھلائی کا عملی نظام قائم کریں۔ اگر ہر محلّہ، ہر گاؤں اور ہر ادارہ مشترکہ تقسیم کے نظام کو اپنائے تو عیدالفطر واقعی خوشیوں کی وہ روشنی بن سکتی ہے جو کسی گھر کو اندھیرے میں نہ چھوڑے۔ آخر میں ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ عید کی اصل رونق نئے کپڑوں، پکوانوں یا میل جول میں نہیں بلکہ اس احساس میں ہے کہ ہم نے کسی محروم دل میں امید کی شمع روشن کی۔

## موسمیاتی تبدیلی اور خواتین کی قیادت
### سبز سیاست میں ابھرتی ہوئی آوازیں

خصوصی مضمون: ظفر اقبال

دنیا اس وقت ایک ایسے دور سے گزر رہی ہے جہاں موسمیاتی تبدیلی صرف ماحولیاتی مسئلہ نہیں رہی بلکہ یہ سماجی، معاشی اور سیاسی حقیقت بن چکی ہے۔ بڑھتا ہوا درجہ حرارت، غیر متوقع بارشیں، سیلاب، خشک سالی اور قدرتی آفات اب عالمی سیاست کے اہم موضوعات میں شامل ہو چکے ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے جہاں سائنسدان اور ماہرین کام کر رہے ہیں، وہیں سیاسی قیادت کا کردار بھی نہایت اہم ہے۔ خاص طور پر خواتین سیاستدانوں کی ایک نئی نسل اب موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جدوجہد کی قیادت کرتی دکھائی دیتی ہے۔

عالمی سطح پر یہ بات واضح ہوتی جا رہی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کا اثر خواتین پر مردوں کے مقابلے میں زیادہ پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سی خواتین نہ صرف اس مسئلے کو سمجھتی ہیں بلکہ اس کے حل کے لیے عملی سیاست میں بھی قدم رکھ رہی ہیں۔ کئی ایسی خواتین سیاستدانوں کی کہانیاں سامنے آتی ہیں جو نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کے لیے کام کر رہی ہیں بلکہ سماجی انصاف اور مساوات کے لیے بھی آواز اٹھا رہی ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی کا اثر ہر فرد پر یکساں نہیں ہوتا۔ دنیا کے مختلف حصوں میں خواتین اکثر غربت، سماجی پابندیوں اور معاشی کمزوری کی وجہ سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ دیہی علاقوں میں خواتین عموماً پانی لانے، خوراک اگانے اور گھریلو وسائل کے انتظام کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ جب موسمیاتی تبدیلی کے باعث خشک سالی یا سیلاب آتا ہے تو سب سے زیادہ بوجھ انہی خواتین پر پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر جب پانی کے ذرائع خشک ہو جاتے ہیں تو خواتین کو کئی میل دور جا کر پانی لانا پڑتا ہے۔ اسی طرح اگر فصلیں خراب ہو جائیں تو گھریلو خوراک کی کمی کا سامنا بھی خواتین کو ہی کرنا پڑتا ہے۔ اس صورتحال نے دنیا بھر میں ایک نئی سوچ کو جنم دیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے حل میں خواتین کو مرکزی کردار دینا ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقوام متحدہ سمیت کئی عالمی ادارے اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ ماحولیاتی پالیسی سازی میں خواتین کی شرکت کو بڑھایا جائے۔ کیونکہ جب خواتین فیصلوں میں شامل ہوتی ہیں تو پالیسیوں میں سماجی انصاف، انسانی حقوق اور ماحول کے تحفظ کے پہلو زیادہ واضح طور پر شامل ہوتے ہیں۔

گزشتہ چند دہائیوں میں دنیا کے مختلف ممالک میں سبز یا گرین سیاست کا رجحان تیزی سے بڑھا ہے۔ سبز سیاست دراصل ایسی سیاسی سوچ ہے جس کا بنیادی مقصد ماحول کا تحفظ، پائیدار ترقی اور سماجی انصاف کو فروغ دینا ہے۔ یورپ میں گرین پارٹیوں نے خاصی کامیابیاں حاصل کی ہیں اور کئی ممالک میں وہ پارلیمان کا اہم حصہ بن چکی ہیں۔ گرین سیاست کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ اس میں نوجوانوں اور خواتین کی شرکت زیادہ ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سیاست روایتی طاقت کے ڈھانچوں کے بجائے شفافیت، مساوات اور جمہوری اقدار پر زور دیتی ہے۔ برطانیہ میں بھی گرین پارٹی نے حالیہ برسوں میں اپنی موجودگی مضبوط کی ہے۔ اگرچہ ماضی میں اسے زیادہ تر متوسط طبقے اور شہری علاقوں کی پارٹی سمجھا جاتا تھا، لیکن اب یہ طبقاتی اور جغرافیائی حدود سے باہر نکل کر وسیع تر عوام تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہے۔

ان ہی تبدیلیوں کی ایک نمایاں مثال ہنّا اسپینسر ہیں۔ وہ حال ہی میں انگلینڈ کے شمالی علاقے سے منتخب ہونے والی پہلی گرین پارٹی کی رکن پارلیمنٹ بنیں۔ ان کا پس منظر روایتی سیاستدانوں سے بالکل مختلف ہے۔ ہنّا اسپینسر نے 16 سال کی عمر میں اسکول چھوڑ دیا تھا اور وہ ایک پلمبر کے طور پر کام کرتی تھیں۔ انتخابی مہم کے دوران بھی وہ پلاسٹرنگ کی تربیت مکمل کر رہی تھیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سیاست صرف امیر اور اشرافیہ طبقے تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ عام محنت کش طبقے کے لوگ بھی اس کا حصہ بن سکتے ہیں۔ ان کی کامیابی اس بات کی علامت ہے کہ اب عوام ایسے نمائندوں کو منتخب کرنا چاہتے ہیں جو ان کی زندگیوں اور مسائل کو بہتر طور پر سمجھتے ہوں۔

اپنی تقریر میں انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ عام لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے کام کریں گی۔ ان کے مطابق مہنگائی کو کم کرنا، کرایوں کو کنٹرول کرنا اور شہری علاقوں کو صاف ستھرا رکھنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ برطانیہ کی سیاست میں محنت کش طبقے کی نمائندگی ہمیشہ ایک اہم مسئلہ رہی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق 2019 میں برطانوی پارلیمنٹ کے صرف سات فیصد اراکین ایسے تھے جن کا تعلق محنت کش طبقے سے تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پارلیمنٹ میں زیادہ تر لوگ ایسے پس منظر سے آتے ہیں جو عام عوام سے مختلف ہوتا ہے۔

ہنّا اسپینسر کی کامیابی اس لحاظ سے اہم ہے کہ وہ اس خلا کو کم کرنے کی علامت بن سکتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بعض حلقوں کو سیاست میں ایک نوجوان اور محنت کش طبقے کی عورت کا خیال پسند نہیں آتا۔ ان کے مطابق کچھ لوگ اب بھی چاہتے ہیں کہ ویسٹ منسٹر ایک ایسے کلب کی طرح رہے جہاں صرف امیر اور مراعات یافتہ لوگ ہی داخل ہو سکیں۔ خواتین کے لیے سیاست میں قدم رکھنا ہمیشہ آسان نہیں رہا۔ انہیں نہ صرف سیاسی مقابلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ صنفی امتیاز، ذاتی حملوں اور سماجی دباؤ کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آسٹریا کی نوجوان گرین سیاستدان لینا شلنگ اس کی ایک مثال ہیں۔ وہ صرف 25 سال کی عمر میں یورپی پارلیمنٹ کی رکن بنیں۔ اس سے پہلے وہ موسمیاتی تحریک "فرائیڈیز فار فیوچر" سے وابستہ تھیں۔ شلنگ کے مطابق خواتین سیاستدانوں کو اکثر جنسی بدسلوکی، ذاتی حملوں اور رازداری کے نقصان جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ مسائل نہ صرف ان کے لیے ذہنی دباؤ کا باعث بنتے ہیں بلکہ بعض اوقات انہیں سیاست چھوڑنے پر بھی مجبور کر دیتے ہیں۔

آج کے ڈیجیٹل دور میں سوشل میڈیا سیاست کا اہم میدان بن چکا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ آن لائن ہراسانی بھی ایک بڑا مسئلہ بن گئی ہے۔ بہت سی خواتین سیاستدانوں کو سوشل میڈیا پر دھمکیوں، توہین آمیز تبصروں اور جعلی افواہوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چونکہ انٹرنیٹ پر اکثر لوگ گمنامی کے پیچھے چھپ سکتے ہیں، اس لیے وہ بغیر کسی خوف کے نفرت انگیز مواد پھیلاتے ہیں۔ جرمنی میں ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق سیاسی طور پر سرگرم خواتین میں سے تقریباً دو تہائی کو کسی نہ کسی شکل میں جنس پرستانہ حملوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ صورتحال اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ ڈیجیٹل دنیا میں خواتین کی حفاظت کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔

کچھ ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی کے خلاف آواز اٹھانے والی خواتین کو خاص طور پر زیادہ تنقید اور حملوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ امریکی تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے انکار، خواتین کے خلاف تعصب اور ماحولیاتی پالیسی کی مخالفت کے درمیان ایک تعلق پایا جاتا ہے۔ اس تحقیق کے مطابق بعض لوگ موجودہ معاشی اور سماجی نظام کو برقرار رکھنے کے لیے موسمیاتی اصلاحات کی مخالفت کرتے ہیں۔ چونکہ خواتین اکثر سماجی تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہیں، اس لیے انہیں زیادہ نشانہ بنایا جاتا ہے۔ آن لائن ہراسانی اور سماجی دباؤ کے باعث بہت سی خواتین سیاست چھوڑنے پر بھی غور کرتی ہیں۔ ایک تحقیق کے مطابق ڈیجیٹل تشدد کا شکار ہونے والی 22 فیصد خواتین نے کسی نہ کسی وقت سیاست سے مکمل طور پر دستبردار ہونے کا سوچا۔ یہ صورتحال نہ صرف خواتین کے لیے نقصان دہ ہے بلکہ جمہوریت کے لیے بھی خطرناک ہے۔ کیونکہ اگر خواتین کو سیاست سے دور رکھا جائے تو معاشرے کے نصف حصے کی آواز دب جاتی ہے۔

تمام تر مشکلات کے باوجود دنیا بھر میں نوجوان خواتین کی ایک نئی نسل سیاست میں قدم رکھ رہی ہے۔ یہ خواتین نہ صرف موسمیاتی تبدیلی کے خلاف لڑ رہی ہیں بلکہ سماجی انصاف، صنفی مساوات اور معاشی اصلاحات کے لیے بھی کام کر رہی ہیں۔ یہ نسل روایتی سیاست سے مختلف انداز اختیار کر رہی ہے۔ وہ سوشل میڈیا کو مؤثر طریقے سے استعمال کرتی ہیں، عوامی تحریکوں سے جڑی ہوتی ہیں اور شفافیت پر زور دیتی ہیں۔ ان کے نزدیک سیاست کا مقصد صرف اقتدار حاصل کرنا نہیں بلکہ معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے۔

موسمیاتی تبدیلی آنے والے برسوں میں عالمی سیاست کا سب سے بڑا مسئلہ بننے والی ہے۔ اس مسئلے کا حل صرف سائنسی تحقیق سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے مضبوط سیاسی قیادت بھی ضروری ہے۔ خواتین سیاستدان اس میدان میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں کیونکہ وہ اکثر ماحول، صحت اور سماجی انصاف جیسے مسائل کو ایک ساتھ دیکھتی ہیں۔ اگر سیاسی نظام خواتین کے لیے زیادہ محفوظ اور مساوی بنایا جائے تو مستقبل میں ہمیں مزید باصلاحیت خواتین رہنما دیکھنے کو مل سکتی ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی ایک ایسا چیلنج ہے جس کا سامنا پوری انسانیت کو ہے۔ اس مسئلے کا حل صرف حکومتوں یا سائنسدانوں کے ہاتھ میں نہیں بلکہ پوری دنیا کے مشترکہ عزم سے ممکن ہے۔ خواتین اس جدوجہد میں نہایت اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ چاہے وہ مقامی سطح پر ماحولیاتی سرگرم کارکن ہوں یا قومی اور بین الاقوامی سطح کی سیاستدان، ان کی آواز اب پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو رہی ہے۔ ہنّا اسپینسر اور لینا شلنگ جیسی خواتین اس نئی سیاست کی علامت ہیں جو نہ صرف ماحول کے تحفظ کے لیے کام کر رہی ہیں بلکہ ایک زیادہ منصفانہ اور مساوی معاشرے کی بھی خواہاں ہیں۔ اگر دنیا واقعی موسمیاتی بحران کا مقابلہ کرنا چاہتی ہے تو اسے خواتین کی قیادت کو تسلیم کرنا ہوگا اور انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں مکمل طور پر شامل کرنا ہوگا۔ یہی وہ راستہ ہے جو نہ صرف ماحول کو بچا سکتا ہے بلکہ ایک بہتر اور پائیدار مستقبل کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے۔

(یو این آئی)




## لیلۃ القدر: رحمت، مغفرت اور نجات کی رات

تحریر: اظہر نصیر

رمضان المبارک کا آخری عشرہ رحمت اور برکت کا خزانہ ہے۔ انہی مبارک راتوں میں ایک عظیم رات آتی ہے جسے لیلۃ القدر کہا جاتا ہے۔ یہ رات اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت، مغفرت اور قبولیت کی رات ہے۔ قرآن مجید میں اس رات کی عظمت کو واضح انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ
وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ
لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ
تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ
سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔ سورۃ القدر

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں نازل کیا۔ اور تم کیا جانو کہ شب قدر کیا ہے۔ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس میں فرشتے اور روح الامین اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے لئے اترتے ہیں۔ یہ رات سراسر سلامتی ہے طلوع فجر تک۔

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ لیلۃ القدر کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ ہزار مہینے تقریباً تراسی سال بنتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اس رات کو ایمان اور اخلاص کے ساتھ عبادت میں گزارے وہ گویا ایک طویل عمر کی عبادت کا اجر حاصل کر لیتا ہے۔

احادیث مبارکہ میں بھی اس رات کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔ صحیح البخاری

ترجمہ۔ جو شخص ایمان اور ثواب کی نیت کے ساتھ لیلۃ القدر میں قیام کرے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔ اس لئے مسلمان ان راتوں میں زیادہ سے زیادہ عبادت کرتے ہیں۔ نماز، تلاوت قرآن، ذکر اور دعا میں مشغول رہتے ہیں۔



حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اگر مجھے لیلۃ القدر مل جائے تو میں کیا دعا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللَّهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي ۔
سنن الترمذی

ترجمہ۔ اے اللہ۔ تو معاف کرنے والا ہے۔ معافی کو پسند کرتا ہے۔ پس مجھے بھی معاف فرما۔

لیلۃ القدر دراصل بندے اور رب کے درمیان قرب حاصل کرنے کا بہترین موقع ہے۔ یہ رات انسان کو اپنے گناہوں پر توبہ کرنے اور نئی زندگی شروع کرنے کی دعوت دیتی ہے۔ جو لوگ اس رات کو غفلت میں گزار دیتے ہیں وہ بہت بڑی خیر و برکت سے محروم رہ جاتے ہیں۔

مسلمانوں کو چاہیے کہ رمضان کے آخری عشرے میں عبادت کا اہتمام کریں۔ اپنے دل کو اخلاص سے بھر دیں۔ اللہ سے مغفرت اور ہدایت مانگیں۔ یہی وہ رات ہے جو انسان کی تقدیر بدل سکتی ہے اور زندگی کو نئی روشنی دے سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں لیلۃ القدر کی برکتیں نصیب فرمائے اور اس مبارک رات کی عبادت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## شب قدر کی تقریب

اس کے علاوہ خانقاہ معلی، جناب صاحب، صاحب صورہ، دستگیر صاحب خانیار، مخدوم صاحب، ٹی آر سی مسجد، دستگیر صاحب سرائے بالا سمیت تمام چھوٹی بڑی مساجد اور خانقاہوں میں شب قدر کی تقریبات کا اہتمام ہوا جن میں لاکھوں لوگوں نے بہت ہی جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ اس دوران امام صاحبان نے شب قدر کی فضیلت اور اس کے تئیں مسلمانوں کی ذمہ داریوں کے تئیں مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالی۔ شہر کی دیگر مساجد، خانقاہوں اور درگاہوں میں بھی آج شب قدر کے سلسلے میں روح پرور اجتماعات منعقد ہوئے اور لوگوں کی کثیر تعداد نے ان مجالس میں حصہ لے کر توبہ و استغفار کیا۔ ادھر چرار شریف سے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ کی زیارت پر شب قدر کے سلسلے میں بہت بڑا اجتماع منعقد ہوا جس میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ اس دوران بارہمولہ، کپوارہ، بڈگام، اننت ناگ، کولگام، بانڈی پورہ، گاندربل، شوپیان اور پلوامہ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ان اضلاع میں بھی شب قدر کی مقدس تقریبات عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئیں جس کے دوران مساجد، خانقاہوں اور درگاہوں میں شب قدر کے موقعہ پر روح پرور تقریبات کا اہتمام ہوا جن میں علماء اور ائمہ حضرات نے اس رات کے فلسفے اور اس دن کی فضیلت کو اجاگر کیا اور وادی میں امن و آشتی کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں۔ شب قدر کے حوالے سے منعقدہ تقریبات میں علماء اور ائمہ مساجد و خطباء نے اس بابرکت رات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ رات پورے عالم انسانیت کے لئے ایک خوشی کا دن ہے کیونکہ اس رات کی عبادت نہ صرف ایک ہزار راتوں کی عبادات سے بہتر ہے بلکہ اسی رات کے دوران قرآن کریم کا نزول عمل میں آیا۔ علماء نے مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ قرآن شریف کی تعلیمات کو اپنی مشعل راہ بناتے ہوئے اللہ کے فرمودات پر عمل کریں اور اسی میں نہ صرف مسلمانوں بلکہ پورے عالم انسانیت کی بقاء، فلاح اور بہبود ہے۔ نمائندے کے مطابق بیت المکرم بارہمولہ، مسجد الرشاد، جامع قدیم، جامع مسجد کپوارہ، جامع قدیم و جدید ہندوارہ، اہم شریف بانڈی پورہ، جامع مسجد گاندربل، جامع مسجد بڈگام، جامع مسجد شوپیان، آثار شریف پنجورہ شوپیان، جامع مسجد حت ویری اننت ناگ، جامع مسجد پلوامہ، جامع مسجد کولگام اور کعبہ مرگ اننت ناگ میں بھی شب قدر کی روح پرور تقاریب منعقد ہوئیں اور اس ضمن میں بڑے بڑے اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔ اس دوران کعبہ مرگ، پنجورہ شوپیان، کھرم سرہامہ اور قاضی کنڈ میں ہزاروں لوگوں نے شب قدر کی روح پرور محفلوں میں حصہ لیا۔ ان تقریبات کے موقعہ پر اسلام کی سربلندی، وادی میں امن و آشتی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ اوقاف جامع مسجد کے مطابق جامع مسجد میں شب قدر کی تقریب منعقد کرنے کی اجازت نہیں دی گئی

## وزیر اعلیٰ نے ایل پی

کارپوریشن لمیٹڈ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر آشوتوش گپتا، تیل کمپنیوں کے نمائندے اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے جبکہ آؤٹ سٹیشن افسران نے بذریعہ آن لائن موڈ میٹنگ میں حصہ لیا۔ دوران میٹنگ وزیر اعلیٰ نے جموں و [illegible]

## عمر عبداللہ نے

[illegible]

## نو جوانوں کو ایک

[illegible]

## لیفٹیننٹ گورنر اور

[illegible]

## جموں کشمیر میں اینڈمن

[illegible]

## ریٹائرڈ پرنسپل

[illegible]

## نائب وزیر اعلیٰ نے

[illegible]

## جموں کشمیر میں سالانہ

[illegible]

## کشتواڑ میں

[illegible]

## نائب وزیر اعلیٰ نے

[illegible]

## لال قلعہ دھماکہ

[illegible]

## سڑک حادثات کے

[illegible]

## تہران میں

[illegible]

cons.tehran@meagov.in

## چیف سیکرٹری نے

[illegible]

## جاوید ڈار کا

[illegible]

## رشوت ستانی

[illegible]

## ڈاکٹر درخشاں

[illegible]

## حکومت نے بارہمولہ

[illegible]

## سکینہ ایتو اور

[illegible]

## جاوید رانا نے

[illegible]

## جموں خطے کے

[illegible]

## نزول قرآن کی

[illegible]

## شدید برفباری کے

[illegible]

## سرینگر میں ایتھلیز کلچرل

[illegible]

## عید کی آمد پر

[illegible]

## جامع سلفیہ

[illegible]

## مشیر ناصر اسلام وانی

[illegible]

## کیتی پورہ پلوامہ

[illegible]

## مسلمانوں کی عظمت

[illegible]

## ترال میں دو

[illegible]

## کشمیر ہاٹ سرینگر

[illegible]

## لوگوں میں خوف

[illegible]

